© rasailojaraid.com



# تبصرے اور تاثرات

اردو بک ریویو، نئی دہلی، (انڈیا) ستمبر / اکتوبر، ۲۰۰۱ء

برصغیر ہندوپاک بنگلہ دیش اور نیپال سے اردو زبان میں جو رسائل شائع ہوتے ہیں ان میں سیرت پاک پر مضامین ضرور شامل ہوتے ہیں۔ ان میں بعض رسائل نے سیرت نمبر بھی شائع کئے ہیں۔ ان میں نقوش کا سیرت نمبر خاص اہمیت کا حامل ہے۔ یہ اعزاز سید فضل الرحمٰن صاحب کے حصے میں آیا کہ وہ ایک مجلّہ خاص اس موضوع پر شائع کر رہے ہیں۔ ویسے تو اس شمارے میں شامل سارے مضامین معیاری ہیں۔ تحقیقی اعتبار سے بھی اور زبان اور بیان کے اعتبار سے بھی اعلیٰ معیار پیش کرتے ہیں، لیکن ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی کا مضمون ''مقام محمد ﷺ قرآن کریم کے آئینے میں'' اور مولانا اکرام اللہ جان قاسمی کا مضمون ''سیرت کی تعریف اور حدود و قیود'' خاص اہمیت کے حامل ہیں۔

خاص کر سیرت پاک پر مجلّے کی اشاعت جہاں ایک عظیم الشان کام ہے وہیں یہ خطرات سے بھری ہوئی راہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھے، مدیران اور اس میں شرکت کرنے والوں کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔

خاص سیرت پاک پر مجلّے کی اشاعت اردو زبان کے لئے نیک فال اور باعث فخر ہے اور یہ اس بات کا اشارہ بھی ہے کہ یہ زبان کبھی مر نہیں سکتی نہ ہندوستان میں اور نہ پاکستان میں۔ ہندی زبان کا مفاد بھی اسی میں ہے کہ اردو ترقی کرے۔ سیرت پاک پر خصوصی مجلّے کی اشاعت ایسا بابرکت اقدام ہے جس پر ناشر اور ادارے کو مبارکباد دینا ایک خوشگوار فریضہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے دوام بخشے۔ آمین۔

© rasailojaraid.com